عالم باطن کی سیر یا عالم الغیب میں داخلہ خارجی سمتوں سے نہیں ہوتا' عالم غیب میں داخلہ انسان کے اپنے نقطہ ذات میں داخل ہونے کے بعد ہوتا ہے۔جب تک کوئی انسان اپنی ذات (نقطہ ذات) کو نہیں پہچان لیتا اس وقت تک اس کے اندر روحانی طرزیں متحرک نہیں ہوتیں اور جب انسان خود کو جان لیتا ہے اور اپنے نقطہ ذات کو سمجھ لیتا ہے اور قلب کے اندر دروازہ کھول کر داخل ہو جاتا ہے تو اس کے اوپر کائنات منکشف ہو جاتی ہے۔وہ اس بات سے واقف ہو جاتا ہے کہ ظہور کائنات میں وہ خود بھی قافلے کا ایک عنصر ہے۔

راز: دِل کے مرکز میں روشنی کا ایک نقطہ ہے جو دِل کی انتہائی گہرائی میں واقع ہے۔یہ نقطہ مائیکروفلم ہے۔راہِ سلوک پر چلنے والا مسافر اپنے دِل کے اندر جب اس نقطے سے آشنا ہو جاتا ہے تو اسے نقطے کے اندر گہرائیوں میں حقیقت کے نشانات ملتے ہیں۔تمام حقیقتیں شکل وصورت کیساتھ موجود ہیں اور ہر حقیقت مجسم ہے۔

اعمال کا ریکارڈ

ہم جب زندگی میں کام کرنے والے ان تقاضوں کا تجزیہ کرتے ہیں تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ زندگی کا کوئی تقاضہ ایسا نہیں جو خیال کے بغیر پورا ہوتا ہو ہر خیال کا تعلق اطلاع سے ہے۔اطلاع کہیں سے آتی ہے دماغ کے اوپر وارد ہوتی ہے دماغ اسے محسوس کر کے معنی پہناتا ہے

اور اطلاع کی تکمیل تقاضا بن جاتی ہے۔ یہ بات تسلیم کرنا پڑتی ہے کہ زندگی کہیں سے آرہی ہے اور کہیں جارہی ہے۔ زندگی کا یہ تسلسل اس طرح قائم ہے کہ ایک ہی جذبہ بار بار پیدا ہوتا ہے اور چھپ جاتا ہے چھپنے کے بعد پھر ابھرتا ہے اور تکمیل کے بعد پھر چھپ (ریکارڈ) جاتا ہے۔

راز: اطلاع دو طرح سفر کرتی ہے۔ ایک پابند ہو کر دوسرے آزاد ہو کر۔ یہ بات ذہن نشین رہنی چاہئے کہ اطلاع پابند ہو کر سفر کرے یا آزاد ہو کر سفر کرے ریکارڈ ہوتی رہتی ہے۔ زندگی کے چار رُخ ہیں۔ (۱) زندگی اطلاع ہے (۲) اطلاع نزول کرتی ہے۔ نزولی کیفیت میں ٹائم اینڈ اسپیس کی پابندی لازمی ہے۔ (۳) اطلاع ٹائم اینڈ اسپیس سے آزاد ہو کر سفر کرتی ہے (۴) اطلاع کا کوئی سورس ہے۔

(۱) انفارمیشن کا سورس

(۲) خود انفارمیشن

(۳) انفارمیشن حرکات و سکنات کی پابندی کیساتھ

(۴) انفارمیشن حرکات و سکنات سے آزاد

یہ تسلیم کرنے کے بعد کہ اطلاع کا کوئی سورس ہے۔ زندگی کے پانچ رُخ متعین ہیں۔ اس لئے کہ سورس کیلئے ضروری ہے کہ اس کا کوئی منبع ہو۔ ریڈیو ٹی وی ایک سورس ہے کہ خبریں سناتا ہے لیکن کہاں سے خبریں آرہی ہیں کوئی منبع یا مخزن ہے کوئی ہستی ہے جو خبریں سنا رہی ہے۔ روحانی راستے پر سفر کرنے والے دوست جانتے ہیں کہ کائنات میں شے نقش و نگار کے بغیر موجود نہیں ہے۔ کائنات میں ہر شے کی شکل و صورت ہے۔ ہر شے کا جسم ہے۔ تمام اصلیں اور حقیقتیں غیب کی دُنیا میں اس طرح ہی موجود ہیں جس طرح عالم ناسوت میں موجود ہے۔ عالم غیب میں دیکھنے والی نگاہ سے سراغ ملتا ہے کہ کائنات میں موجود ہر نقش کے تین وجود ہیں۔ (اول) تجلی ذات (دوم) تجلی صفات (سوم) خلق ہر وجود صعودی' نزولی دو رُخوں پر قائم ہے۔ اس طرح زندگی کے چھ رُخ متعین ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

''کوئی نہیں لکھا گناہ گاروں کا پہنچا بندی خانے میں اور تجھ کو کیا خبر کیسا ہے بندی خانہ ایک دفتر لکھا ہوا''۔ (پارہ ۳۰ آیت ۷۔۸)

اگر انسان کو اطلاع نہ ملے اور کوئی انسان اچھائی برائی کے تصور سے آشنا نہ ہو اس کیلئے سزا جزا نہیں ہے۔ اصل میں سزا جزا کا تعلق اطلاعات سے ہے۔ اطلاعات میں اچھائی برائی کے معانی پہنا کر اطلاع کو قبول کیا جاتا ہے۔ اطلاع کے نزول کے بعد باشعور انسان اطلاع میں معنی پہناتا ہے۔ اطلاع میں معانی پہنانا دراصل ریکارڈ ہو جاتا ہے۔ یہی سزا و جزا کا قانون ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی..........''

وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلاتے ہیں اور کہتے ہیں وہی باتیں ہیں جو پہلے لوگ کہہ چکے ہیں وہ اسلئے قبول نہیں کرتے کہ ان کے دلوں میں زنگ لگ گیا ہے۔ وہ جانتے ہیں اس سے پہلے لوگ بھی اللہ کی طرف سے لوگوں کو باخبر کرتے رہے ہیں۔ لوگوں نے ان کی باتوں کو نہیں سنا۔ اس کے باوجود کہ ان کے علم میں ہر بات ریکارڈ ہے کہ پچھلے لوگوں نے بھی اللہ کی آیات کو جھٹلایا ہے۔ قانون یہ ہے کہ انسان اطلاع کو جس طرح ضمیر قبول کرتا ہے یا رد کرتا ہے سب کا سب ریکارڈ ہو جاتا ہے۔ انسان جب کوئی عمل کرتا ہے تو اس عمل کو جس طرح ضمیر قبول کرتا ہے عمل اسی طرح ریکارڈ ہو جاتا ہے اور انسان دوسری زندگی یعنی صعودی زندگی میں اس ریکارڈ کو پڑھتا ہے مرنے کے بعد یوم حساب تک یہی ریکارڈ زندگی بن جاتا ہے۔ نیکوکاروں کا ضمیر مطمئن ہوتا ہے دوسرا کام کرنے کے بعد ضمیر مطمئن نہیں ہے۔ ایک آدمی کہتا ہے کہ میں چوری کر کے مطمئن ہوں میں نے چوری اپنی ضروریات پوری کرنے کیلئے کی ہے اسلئے میرا ضمیر مطمئن ہے لیکن جب اس کے گھر میں چوری ہوتی ہے تو وہ چوری کو اچھا عمل قرار نہیں دیتا۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ خود کو دھوکہ دے رہا ہے۔ ایک آدمی غصے میں کسی کو گالی دیتا ہے وہ گالی دینے میں اپنے آپ کو حق بجانب تصور کرتا ہے لیکن جب اسکو کوئی گالی دیتا ہے تو اسے غصہ آجاتا ہے۔ اس کا مطلب بھی یہ ہے کہ وہ خود فریبی میں مبتلا ہے۔ ضمیر کا مطمئن ہونا یہ ہے کہ جو کچھ انسان اپنے لئے چاہتا ہے وہ ہی دوسروں کیلئے چاہے۔ جن باتوں سے وہ خود پریشان ہوتا ہے دوسروں کو ایسی باتوں سے پریشان نہ کرے۔ نزول و صعود کی حرکات براہِ راست ضمیر سے تعلق رکھتی ہیں اور ضمیر اچھائی اور برائی کو اچھی طرح جانتا ہے۔

(جاری ہے..... بقیہ آئندہ ماہ اکتوبر میں ملاحظہ کریں)

میاں جاوید اقبال

اسرار الجفر

بہت سے بزرگان نے اسم اعظم سے متعلق 99 سے زائد ناموں سے تعبیر کیا ہے جو کہ قرآن پاک میں مختلف سورتوں اور آیات کے حوالہ سے نکالے گئے یعنی اخذ کئے گئے۔ سورۃ آل عمران کی آیت کرسی میں موجود دو ایسے اسم جن کے شوائد تاریخ بلکہ

پر تو خورشید کو تعریف کی حاجت ہے کیا
نافہ مشک ختن کی بو ہے خود اس کی گواہ

بہت سے بزرگوں، اماموں نے ان اسموں کو اسم اعظم سے تعبیر کیا ہے۔ چمکتے ہوئے آفتاب کی طرح روز روشن کی طرح روشن ہیں اس کے اتنے خواص وفوائد ہیں یہ ناچیز کی زندگی بہت ہی کم ہے مگر لکھنے کیلئے کئی زندگیوں کی ضرورت ہے۔ آج کل کے اس ابتری کے دور میں کہ ہر طرف پریشانی ہی پریشانی پھیلی ہوئی ہے اس سے بڑی سکون آور دوا کوئی نہیں ہے۔ جس طرح کوئی طبیب ہر کارہ قسم کی دوا سے تمام امراض کا علاج کرتا ہے۔ عملیات کی دنیا میں اس سے بڑا معجزہ کوئی نہ ہے۔ ان اسموں کے ہوتے ہوئے کوئی مرض یا کوئی پریشانی نزدیک نہ آتی ہے یعنی ایسے اسم مبارک ہیں جو تقدیر کا لکھا مٹانے پر مجبور کر دیتے ہیں وہ اسم ہیں **یا حی یا قیوم** ان ہی اسموں کو اسم اعظم سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی سچے دل سے انہیں روزانہ اپنے ورد میں رکھے تو اللہ کے فضل و کرم سے تمام مصائب و آلام سے نجات ہوگی ہر کام میں فتح و کامرانی ہوگی۔ درازئ عمر کیلئے اس سے بڑا کوئی وظیفہ نہیں ہے۔ اس کے چند خواص درج ذیل ہیں۔

برائے آمدن حاجات مہمات: برائے آمدن تمام قسم کی حاجات ومہمات کیلئے 40 روز تک اپنے نام کے اعداد کے حساب سے پڑھنے سے مہمات، حاجت روائی ہوگی۔ آمدن میں بے شمار اضافہ ہوگا۔

(1) یا حی یا قیوم بحق لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظلمین٥

(2) یا اللہ یا رحمن یا رحیم یا حی یا قیوم یا سمیع یا بصیر یا ودود یا مستعان کھیعص حمعسق برحمتک یا ارحم الرحمین

40 دن تک 321 مرتبہ پڑھیں۔

وسعت رزق: رزق میں اضافہ کیلئے درج ذیل عمل نہایت نافع ہیں

(1) بعد نماز فجر 321 مرتبہ

یا علی یا سلام یا منعم یا حی یا قیوم

(2) بعد نماز ظہر 321 مرتبہ **یا حی یا قیوم یا علی یا حنان**

(3) بعد از نماز عشاء 101 مرتبہ ننگے سر کھلے آسمان کے نیچے پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماریں اور اپنے لئے دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ فوراً قبول و منظور ہوگی۔ **یا حی یا قیوم برحمتک یا استغیث**

(4) نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان 1044 مرتبہ 40 روز تک یا حی یا قیوم ورد کرنے سے رزق میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ بے شمار راز قدرت اُس پر آشکار ہونگے۔ یعنی مظاہر قدرت کا مظاہرہ دیکھ سکے گا۔

☆ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں سحر کے وقت اس کا ورد تمام مخلوق کو مسخر کرنے کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ اکثر اکابرین نے اسم یا حی یا قیوم کو اسم اعظم بتایا ہے۔

مایوس العلاج کہنہ مریضوں کیلئے: ایسے مریض جن کو ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا ہو یا جو مریض مایوس ہو چکے ہوں وہ 21 یوم میں بالکل شفایاب ہونگے انتہائی مجرب ہے۔ سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ شریف کے فوراً بعد یہ لکھیں۔

یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ یا حی٥

ان کو زعفران مشک سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر 21 یوم پلائیں مریض انشاء اللہ شفایاب ہوگا۔

ہر چند میں چاہوں نہ ہٹاؤں پردے
دِل کا ہے تقاضا انہیں افشاء کر دے
جو کچھ کہ ریاضت سے ملا ہے تجھ کو
جو طالب فن ہیں اُن کا دامن بھر دے

یہ شعر ہمایوں مرزا لکھنوی صاحب کا ہے اسی میں ساری کہانی بیان کی گئی ہے۔

عمل خاص: اس میں ایک ایسا راز پنہاں ہے جس سے ہزاروں عاملین واقف نہیں صرف کاملین کے ارشاد کے مطابق عمل کرتے رہے اور اسی کی تعلیم دوسروں کو دیتے رہے۔ وہ طالب جو اس عمل کی بدولت اسرار سے واقف ہوں وہ اللہ تعالیٰ سے ڈریں اور انصاف کا راستہ نہ چھوڑیں بہر حال دوسرا عمل جس سے تمام لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ فوجی، سپاہی، سمندر میں غوطہ خور، بس، ٹیکسی ڈرائیور، پہاڑی علاقوں میں سفر کرنے والے الغرض سب وہ کام جن میں موت کا ڈر ہو۔ سیلاب یا زلزلہ کا خطرہ ہو جہاں جانی یا مالی نقصان کا ڈر ہو۔ ملازمت جانے کا ڈر ہو حتیٰ کہ وہ تمام کام جس سے چوٹ یا موت کا ڈر ہو درازیٔ عمر کیلئے مرادات میں کامیابی کیلئے، دشمنوں پر غلبہ اور فتح حاصل کرنے کیلئے یہ عمل انتہائی مجرب ہے اور سریع التاثیر بھی۔ میں نے جون میں اپنے ایک مضمون وبالِ زحل وبال جان میں اس چیز کا تذکرہ کیا تھا کہ 2½ سالہ اس دور میں بڑا جانی و مالی نقصان ہوگا جو کہ صرف 2 ماہ کے عرصہ میں ہی 2000 سے زیادہ جانیں لے گیا ہے اب ماہ اکتوبر نومبر میں اس سے بھی کئی گنا زیادہ جانیں جانے کا ڈر ہے۔ ٹھیک 3 ماہ بعد دُنیا میں بے شمار واقعات رونما ہونگے جو کہ پاکستان کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیں گے۔ کئی حکومتیں تبدیل ہو جائیں گی۔ کئی اہم شخصیات حادثات کا شکار ہو جائیں گی۔ ہر طرف نئے سے نئے واقعات رونما ہونگے۔ ان تمام آفات سے بچنے کیلئے یہ عمل انتہائی مجرب ہے۔

سید امیر المومنین حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ فرماتے ہیں کہ دیکھا میں نے بوقت شدت جناب رسول مقبول ﷺ کو "یا حی یا قیوم" کہا اور فوراً راحت حاصل ہوئی۔ جو شخص طالب عزت و جاہ اور ترقی کاروبار کا خواہاں ہو یا قدرت و سرعت واجابت وقضائے حاجات وحصول مقاصد و فتح مقدمات اُس کیلئے اس اسم اعظم مبارک کے عمل میں سب تاثیرات موجود ہیں۔ اس عمل کیلئے ایک لوح شش در شش (6x6) کی تیار کرے جس کے دونوں اطراف میں چال شش در شش کی پر کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

م	و	ی	ق	ی	ح
ی	ق	م	ح	ی	و
ی	ح	و	ی	م	ق
ح	ی	ق	ی	و	م
ق	م	ی	و	ح	ی
و	ی	ح	م	ق	ی

اجب یا تنکفیل و میکائیل بحق یا حی یا قیوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۴۰	۶	۱۰	۱۰۰	۱۰	۸
۱۰	۱۰۰	۴۰	۸	۱۰	۶
۱۰	۸	۶	۱۰	۴۰	۱۰۰
۸	۱۰	۱۰۰	۱۰	۶	۴۰
۱۰۰	۴۰	۱۰	۶	۸	۱۰
۶	۱۰	۸	۴۰	۱۰۰	۱۰

یہ عمل نااہل سے مخفی رکھا جائے اس کو درج بالا معلومات جو کہ درج کی ہیں یا نہیں اُن کیلئے اثر عظیم رکھتا ہے۔ اس کو نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان لکھا جائے اور تنہائی میں بخور کی موجودگی میں سنت اور فرض کے درمیان 40 یوم تک بلا ناغہ 1044 مرتبہ یا حی یا قیوم کا تکرار کر کے اس پر دم کرتا چلا جائے اور تماشہ قدرت دیکھے۔ ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں ہونگی۔ جیسے کسی پودے پر بہار کا موسم آتا ہے ہر طرف کامیابیاں ہی کامیابیاں ہونگی انسان ایک مثالی زندگی گزارے گا اس کے علاوہ حالات آئندہ کے بارے باخبر رہے گا۔ حیات، قلب اور صفائی باطن ہوگی۔ اس نقش میں عجیب تاثیر ہوگی، گھبرانا نہیں کئی جادوئی مناظر دیکھنے کو ملیں گے۔ پھر بھی حقائق کو چھپا کر رکھے وگرنہ ان تمام خوشیوں سے کنارہ کش ہونا پڑے گا۔

عمل دوم: بروز جمعۃ المبارک نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ان نقوش کو لکھے یا دونوں میں سے کسی ایک کو لکھے، تنہائی ہو، نقش مشک و زعفران سے لکھا جائے گا۔ بخور جلایا جائے، کپڑوں پر خوشبو لگائی جائے کسی سے کلام نہ کرے اور ان الواح میں کوئی ایک لوح لکھے اور فرض نماز ادا کرے فوراً بغیر کسی سے کلام کرے یا حی یا قیوم کا ورد شروع کرے اور نقش جائے نماز پر سامنے ہو اور نفس پر دم کرتا چلا جائے تعداد ورد 1044 ہے جب سورج طلوع ہو جائے فوراً عمل ترک کر دے حتیٰ کہ عمل 40 یوم کرے پھر دیکھے کہ کونسی نعمت ہے جو آپ سے دور ہے انشاء اللہ تعالیٰ ایک مثالی زندگی دیکھنے کو ملے گی پھر وہی بات یہ علم نا اہل کی آنکھ سے بچا کر رکھیں۔ میرا کام تھا راہ دکھانا، آگے آپ کا کام اللہ تعالیٰ سے مانگنا، اس ذات باری تعالیٰ کا کام ہے دینا۔ اب آپ پر منحصر ہے کہ مانگنے کیلئے کتنی سچے دل سے تیاری کرتے ہیں اور وہ کتنا دِل کھول کر آپ کو دیتا ہے۔ میں نے وہ راستہ بتایا ہے جو سیدھا اُس کے گھر شارٹ کٹ جاتا ہے عقلمند کیلئے اشارہ ہی کافی ہے۔

لوح نمبر 1:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

یا اغمدائیل

۲۶۰	۲۶۴	۲۶۷	۲۵۳
۲۶۶	۲۵۴	۲۵۹	۲۶۵
۲۵۵	۲۶۹	۲۶۲	۲۵۸
۲۶۳	۲۵۷	۲۵۶	۲۶۸

لوح نمبر 2:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

یا لغرعوائیل

۷۵۶۸	۷۵۷۲	۷۵۷۵	۷۵۶۱
۷۵۷۴	۷۵۶۲	۷۵۶۷	۷۵۷۳
۷۵۶۳	۷۵۷۷	۷۵۷۰	۷۵۶۶
۷۵۷۱	۷۵۶۵	۷۵۶۴	۷۵۷۶

اللہ شافی اللہ کافی اللہ معافی

یہ دونوں الواح ہر قسم کی حاجات کیلئے نہایت اکسیر اور مجرب ہیں بلکہ لوح نمبر 2 کہنہ امراض کیلئے نہایت مجرب ہے۔ 21 یوم کے اندر ندر مریض مرض سے نجات پا جائیگا۔ مرض خواہ کتنا ہی قدیم اور سخت یوں نہ ہو اگر مریض ساتھ میں یا حی یا قیوم کا ورد کرے گا تو انشاء اللہ بت جلد صحت یاب ہوگا۔ اس سے فیض پا کر اور دوسرے فوائد حاصل کر لے حضرت قبلہ شاہ زنجانی کیلئے ضرور دعا کریں جن کے توسط سے یہ یاب اعمال آپ تک پہنچ رہے ہیں۔ عمل جو کہ حروف تہجی پر مشتمل ہے ں کیلئے مجھ سے یا حضرت شاہ زنجانی سے اجازت لینا ضروری ہے۔

بقیہ: برصغیر کی سیاست

ندرون ملک حالات اور اقتصادیات پر ہوسکتا ہے اور ملک انتظامی طور پر خراب ہو نتیجے میں بے چینی ظاہر ہوگی اقتصادی خرابی کے باعث معیشت پر بھی اثر ہوگا۔ عوام کی برہمی کا باعث بن جائے۔ اس پر حکومت مشکل سے قابو پائے گی۔ ضروری ہوگا ملک دشمن حالات سے بچنے کی کوشش کی جائے۔ اس علم کا یہی فائدہ ہے۔ برائیوں سے بچو اور اچھائیوں سے فائدہ اٹھاؤ کہ ملکی زندگی پرامن رہ سکے۔ زائچے کا چوتھا اور دسواں گھر ملوث ہے۔ ان گھروں پر آئندہ چند ماہ میں سماجی، اقتصادی اور سیاسی ناہمواری کے باعث جو اثرات ظاہر ہوں گے ان پر تدبیر سے قابو پایا جاسکتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہوسکا تو اندرونی اور بیرونی حالات پر ہماری گرفت ڈھیلی ہوسکتی ہے۔ اندرون ملک علاقائی حکومتوں میں تبدیلی اور عوام میں بے چینی، بیرونی ملکوں سے تعلقات متاثر ہونے کا امکان بھی موجود ہے۔ زحل کے وبالی نظر چھٹے، دسویں اور طالع پر ہوگی۔ چھٹے گھر پر زیادہ بری نہیں البتہ علاقائی میل جول کو خراب کر کے اس خطے میں سیاسی بے چینی کا باعث بن سکتی ہے۔ اس کا اندرون ملک حکومت اور حکمرانوں پر اثر ہوسکتا ہے۔ اس بات کے تدارک کا ہمیں خیال رکھنا ہوگا۔ نحس سیاروں کا باہم اتصالی اور نظراتی اثر خالی از علت نہیں ہوگا۔ ملک میں مزید دھماکے اور تخریبی کارروائیاں ہوسکتی ہیں۔ اس لئے پاکستانی حکومت کو مزید احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ احتیاط رد بلا ہوسکتی ہے۔

بقیہ: تعویذ برائے حب تنگدستی و محتاجی

اگر کسی شخص کی دکان وغیرہ نہ چلتی ہو یا گاہک نہ آتا ہو تو اس تعویذ کو ساعت زہرہ یا مشتری میں تحریر کر کے دکان کی دیوار پر چسپاں کیا جائے۔ نقش اور چال نقش دونوں تحریر کر رہا ہوں تا کہ کسی بھی قاری کو نقش بناتے وقت مشکل پیش نہ آئے۔ ساعت دیکھنے کیلئے زنجانی جنتری 2005 کا مطالعہ کریں۔

چال نقش

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

نقش

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

عمل برائے دردِ پیڑو

جس عورت کے ناف کے نیچے یعنی پیڑو میں درد ہو تو یہ آیت مبارکہ لکھ کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ آیت مبارکہ یہ ہے:


نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَ شَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝

روحانی عملیات

رحمکاریہ جفر زہرہ مشتری قران

☆......از: سید شعیب الرحمن شاہ۔ ایبٹ آباد

اس سال زہرہ مشتری کا قران 2 ستمبر 2005ء کو مکمل نظر صبح 4.30 منٹ پر قائم ہوگی۔ مشتری یہاں اوج یافتہ ہے۔ زہرہ اپنے گھر میں بیٹھ کر مشتری کیساتھ یہ باقوت نظر بنا رہا ہے۔ سمجھ لیں کہ وقت کا ایک سمندر آپ لوگوں کے ہاتھ میں ہے۔ یہ بہت ہی طاقتور نظر ہے۔ یہ وقت تسخیر خلق، رجوع خلق، تسخیر مستورات، ترقی دولت، ترقی و فتوحات کیلئے اہم ہے۔ انسان کو زندگی بھر خواہشات نے گھیر رکھا ہے۔ یہ لوح بنوا کر پاس رکھیں پھر اللہ پاک کی رحمتوں کا مشاہدہ کریں۔ اس وقت کی مناسبت سے آج کی محفل میں آئینہ قسمت کیلئے طلسمی چابی، تسخیر کائنات اکبر کیساتھ حاضر ہوں یہ نقش گولڈن کاغذ پر یا دس روپے کے نوٹ پر تیار ہوگا۔ جب یہ تیار ہو جائے تو اس پر گیارہ مرتبہ سورۃ یوسف پڑھ کر دم کردیں اور سورۃ یوسف کا ثواب حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کو بخش دیں۔ اگر یہ لوح خود تیار نہ کرسکیں تو عامل شاہ زنجانی صاحب سے تیار کرائیں۔ یہ لوح چاندی کے تعویذ میں بند کر کے گلے میں ڈالیں اور 111 مرتبہ درود ابراہیمؑ کا ورد جاری رکھیں اس میں اللہ پاک اتنی برکت دیگا کہ عقل حیران رہ جائیگی اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک سب کو کامیاب کرے۔ (آمین)



سل (ٹی بی)

☆......از: علامہ طالب حسین کرمانی۔ چک مغل

قارئین! یہ بیماری سل یعنی ٹی بی کے مخصوص جراثیم کی چھوت لگنے سے لگ جاتی ہے۔ چھوت ایک مریض سے دوسرے مریض کو لگ جاتی ہے۔ چھوت عام طور پر مریض کے کھانسنے، چھینکنے اور تھوکنے سے پھیلتی ہے۔ مریض کے استعمال شدہ برتن، تولیہ اور کپڑے استعمال کرنے سے بھی لگ سکتی ہے۔ یہ ایک نہایت خطرناک بیماری ہے۔ آہستہ آہستہ بڑھتی ہے۔ خطرناک اسلئے ہے کہ اس کا علاج نہایت لمبا، مہنگا، مشکل اور غیر تسلی بخش ہے اور اس کی چھوت فوراً لگتی ہے اور جس گھر میں ایک مریض ہو جائے اس میں مزید خاندان کے فرد لگاتار بیمار ہوتے رہتے ہیں۔ یہ بیماری علاج کیلئے خرچہ اور اچھی خوراک مانگتی ہے اور مریض جو کہ کمانے والا ہوتا ہے کام کے قابل نہیں رہتا۔ اس لئے اس کے سارے گھر والے پریشان ہو جاتے ہیں اور ساری جمع پونجی اور گھر کے برتن تک بک جاتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں سارا گھر تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ اس مرض کے علاج اور قلع قمع کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ہر مریض کو ہسپتال میں داخل کیا جانا چاہئے اور جب تک وہ ٹھیک نہ ہو جائے اسے گھر جانے کی اجازت نہیں دینی چاہئے تاکہ گھر والے اس کی

چھوت سے محفوظ رہیں اور اس کے گھر والوں کو اس دوران میں گورنمنٹ کی طرف سے یا کسی اور طریقے سے وظیفہ ملنا چاہئے۔ ٹی بی پھیلانے میں تنگ تاریک مکان' پکچر ہاؤس' بسیں اور ایسی جگہیں جہاں بہت سارے لوگ مل اور جڑ کر کافی دیر تک بیٹھیں رہیں مدد معاون ثابت ہوتے ہیں۔ ٹی بی کی تشخیص کیلئے ایکسرے کا فوٹو ایک ضروری چیز ہے لیکن چونکہ آج کل زیادہ تر ایکسرے کے نتیجے غلط دیئے جارہے ہیں اس لئے ساتھ خون کا امتحان جسے بی ایس آر کہا جاتا ہے نہایت ضروری ہوتا ہے جب تک ایکسرے اور بی ایس آر دونوں اکٹھے نہ ہوں ٹی بی کا فتویٰ نہیں لگانا چاہئے۔ بی ایس آر دس ملی میٹر سے کم ہو تو ٹھیک گنا جاتا ہے اگر زیادہ ہو تو مشکوک ہوتا ہے اگر بیس سے زیادہ ہو تو ٹی بی کا شک کیا جاسکتا ہے ایک بات یاد رہے کہ بی ایس آر گنٹھیا کے مرض میں بھی بڑھ جاتا ہے لیکن گنٹھیا میں دردیں بہت ہوتی ہیں اور مریض کی حالت اتنی خراب نہیں ہوتی جتنی تپ دق میں ہوتی ہے ٹی بی کئی قسم کی ہوتی ہے مثلاً پھیپھڑوں کی ٹی بی' غدودوں کی ٹی بی' ہڈیوں کی ٹی بی' انتڑیوں کی ٹی بی غرض کہ جسم کے ہر عضو کی ٹی بی ہوسکتی ہے لیکن سب سے خطرناک پھیپھڑوں کی ٹی بی ہوتی ہے ہر جگہ کی ٹی بی کی علامتیں علیحدہ ہوتی ہیں لیکن سب جگہ کی ٹی بی کا علاج ایک ہی ہوتا ہے۔ پھیپھڑوں کا دق جلدی بڑھتا ہے اور دوسروں کو جلدی لگتا ہے اور زیادہ مہلک بھی ہوتا ہے۔ اگر جلدی تشخیص نہ کی جائے اور شروع میں خاطر خواہ علاج نہ کیا جائے تو پھر یہ مرض قابو میں نہیں آتا اور کئی سال علاج کروانا پڑتا ہے۔

ٹی بی کے مریضوں کو چاہئے کہ کھانستے وقت منہ پر رومال رکھیں تاکہ دوسرے چھوت سے محفوظ رہیں اور تھوکنے کیلئے چونا اور فینائل کا برتن استعمال کریں جو کہ ڈھکا رہے اور بعد میں جلایا جاسکے۔ انتڑیوں اور پیٹ کا دق عموماً کچا دودھ پینے اور تھوک نگلنے کی عادت سے ہوتا ہے بعض گائیوں کو ٹی بی ہوتی ہے اور ان کے دودھ میں ٹی بی کے جراثیم خارج ہوتے ہیں اس لئے دودھ بغیر اچھی طرح اُبالے کبھی استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ تپ دق کے علاج کے لئے سٹریپٹو مائی سین کے ٹیکے نہایت مفید ثابت ہو چکے ہیں لیکن ان ٹیکوں کے ساتھ دوسری ادویات بھی استعمال ہونی چاہئیں کیونکہ اکیلے سٹریپٹو مائی سین کے خلاف جراثیم کے اندر قوت مدافعت پیدا ہو جاتی ہے دوسری ادویات میں پی اے ایس کی گولیاں مقدار خوراک 5 گولیاں دیں۔ چار دفعہ کھانے کے بعد آئی این ایچ 50 ملی گرام 2 گولیاں دن میں تین دفعہ استعمال کی جاسکتی ہیں ایک اور دوائی کلوزینہ ایک کیپسول دن میں تین دفعہ دیا جاسکتا ہے۔ ساتھ ملٹی وٹامن کی گولیاں بھی دینی چاہئیں۔ ٹی بی کا علاج کم از کم دو سال تک لگاتار باقاعدگی کے ساتھ کرنا چاہئے اور ڈاکٹر کا مشورہ لیتے رہنا چاہئے۔ بعض دفعہ ٹی بی میں پھیپھڑوں میں خلا یعنی کیوٹی بن جاتی ہے جس کو بند کرنے کیلئے پھیپھڑے کو سکیڑنا ضروری ہوتا ہے جس کے لئے پھیپھڑوں کے باہر ہوا بھرنی پڑتی ہے جسے اے پی کہتے ہیں۔ اے پی کے ساتھ فرینک کرش بھی کیا جاتا ہے اس اپریشن سے ڈایا فرام مفلوج ہو جاتا ہے۔ ڈایا فرام سینے اور پیٹ کے درمیان ایک پردہ ہوتا ہے جو کہ سانس دلانے میں مدد دیتا ہے یعنی پھیپھڑوں کو حرکت دیتا ہے اس کو مفلوج کرنے کے لئے گردن کے پاس سے فرینک نرو کو کرش یعنی کچل دیا جاتا ہے کھڑا ہو جانے سے پھیپھڑے کے زخم جلدی ٹھیک ہو جاتے ہیں بعض اوقات پھیپھڑے کا کوئی حصہ اگر زیادہ گل جائے تو اسے کاٹ دیا جاسکتا ہے۔ ٹی بی کے مریض کے لئے ادویات کے علاوہ بستر پر آرام اور مقوی غذا میں گوشت' دودھ' مکھن' انڈے اور تازہ ہوا اور خوشگوار پہاڑی موسم سب نہایت ضروری ہوتے ہیں اور کوئی بھی ٹی بی کا مریض 1½ سے دو سال کے علاج سے ٹھیک قرار نہیں دیا جاسکتا۔ انتڑیوں کے دق میں پاخانے لگ جاتے ہیں یا قبض ہو کر پیٹ پھول جاتا ہے اور انتڑیوں میں رکاوٹ کی علامت پیدا ہو جاتی ہے ایسی حالت میں آپریشن ضروری ہو جاتا ہے۔ ہڈیوں کی ٹی بی میں مریض کو آرام سے لیٹنا چاہئے بعض اوقات آپریشن کی نوبت بھی آسکتی ہے۔ ٹی بی کے مریض کو بخار رہتا ہے جو کہ شروع میں 19 درجے سے زیادہ نہیں ہوتا لیکن بعد میں زیادہ بھی ہوسکتا ہے۔ ٹی بی والے عموماً بہت لاغر ہو جاتے ہیں۔ پھیپھڑوں کی ٹی بی والے کھانستے اور پھولتے ہیں۔ بعض اوقات پھیپھڑوں سے خون بھی آنے لگتا ہے۔ بعض اوقات پھیپھڑوں میں جو ٹی بی ہوتی ہے ٹی بی والوں کی بلغم سے ٹی بی کے جراثیم بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے زیل نیلسن سٹین یعنی رنگ استعمال کرنا چاہئے۔ جراثیم باریک لمبے اور سرخ نظر آتے ہیں۔

ٹی بی والے کو غذا لطیف' زود ہضم اور مقوی کھلائی جائے مثلاً شوربا' یخنی' عورت یا گدھی کا دودھ' ساگودانہ' آش جو زہ خصوصاً جس میں سرطان بھی پکایا گیا ہو مغزیات کا حریرہ جس میں روغن بادام ڈالا گیا ہو جیسی سیال اغذیہ پلائیں یا تیتر' بٹیر' چوزہ مرغ اور بیضہ نیمبرشت کھلائیں۔ اعلیٰ درجہ کے پرانے چاولوں کی کھچڑی' دال مونگ کے ہمراہ پکا کر دے سکتے ہیں تازہ بھنی ہوئی مچھلی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اس مرض میں گدھی کا دودھ مفید ثابت ہوا ہے ایسی گدھی کا دودھ پلائیں جو جوان اور تندرست ہو اور اس کو بچہ جنے ہوئے چار ماہ گزر گئے ہوں اس کا دودھ صاف اور شفاف برتن میں دوہ کر پہلے روز چالیس گرام' دوسرے روز اسی (80) گرام' تیسرے روز ایک سو بیس گرام علیٰ ہذا القیاس۔ چالیس چالیس گرام روزانہ اضافہ کر کے ساتویں روز اٹھائیس تولہ پلائیں اس کے بعد روزانہ چالیس چالیس گرام کم کر کے سات روز تک پلائیں اور اسی کے بعد بند کر دیں پانی مریض سل کے

لئے آب باراں (بارش کا پانی) مفید ہے جو کہ کھلی فضا میں لیا جائے ایک مرتبہ پہلی بارش ہو چکی ہو اس کے بعد دوسری مرتبہ یا تیسری مرتبہ بارش کا پانی جمع کریں کیونکہ فضا میں جو کچھ گرد وغبار ہوتا ہے وہ پہلی بارش سے نیچے بیٹھ جاتا ہے اور فضا گرد وغبار سے صاف ہوتی ہے لہٰذا دوسری یا تیسری مرتبہ کی بارش کا جو پانی لیا جائیگا وہ صاف وشفاف ہوگا۔ اگر بارش کا پانی میسر نہ ہو تو آپ مقطر یا عرق گاؤزبان یا عرق نیلوفر پلائیں علاوہ ازیں ایسے کنویں کا تازہ پانی بھی پلا سکتے ہیں جو صاف اور شیریں ہو۔ نسخہ برائے سل جو خون آنے کی حالت میں مفید ہے۔ گیرو سنگجرات ۱۰ گرام دم الاخوین ۱۰ گرام بسد سوختہ تمام کو پیس کر یعنی کوفتہ بیختہ کر کے خمیرہ خشخاش دس گرام یا خمیرہ گاؤزبان دس گرام میں ملا کر کھلائیں اوپر سے بہی دانہ تیس گرام عناب ۵ دانہ سبستان ۹ دانہ پانی میں جوش دے کر چھان کر مصری ملا کر پلائیں اضافات گاہے مرجان ۱۰ گرام سوختہ سرطان ۱۰ گرام سوختہ اور گاہے گوند ببول ۱۰ گرام گوند کتیرا ۱۰ گرام رب السوس ۱۰ گرام مریض کے حسب حال اضافہ کرتے ہیں۔

کشتہ بیخ مرجان (بسد) جو کہ سل یعنی ٹی بی اور ضیق النفس بلغمی کے لئے مفید ہے۔ بسد ۱۰ گرام کو شیر آک میں کھرل کر کے مٹی کے کوزے میں رکھیں اور اس کا منہ بند کر کے گل حکمت کریں اس کے بعد دو کلو جنگلی اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر رکھیں اس میں سے بقدر ایک رتی صبح کے وقت پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ یہ دوا مرض سل میں خون کی زیادتی کو روکنے کیلئے مفید ہے۔ تخم خرفہ ۱۲ تولہ نوشادر چھ تولہ دونوں کو مٹی کے سکورے میں رکھ کر اس کا منہ ملتانی مٹی سے اچھی طرح بند کر دیں پھر اس کو ایک پہر تک جنگلی اوپلوں کی آگ دیں اس کے بعد باہر نکال کر رکھیں اس میں سے بقدر چھ رتی شربت انجبار کے ہمراہ کھلائیں۔ دواء جو سل اور نفث الدم کیلئے بالخاصہ اثر کرتی ہے گندھک ۱۰ گرام آملہ سار باریک پیس کر ہمراہ ادویہ مناسبہ دیں مثلاً ہمراہ شربت اعجاز بیس گرام یا خمیرہ خشخاش ۷۰ گرام یا لعوق سپستان ۱۰ گرام نسخہ غری السمک پرانی کھانسی اور سل کیلئے مفید ہے۔ غر السمک بیس گرام مصری بیس گرام شیر مادہ گاؤ میں جوش دے کر چھان کر پلائیں انشاء اللہ جلدی شفاء ہوگی۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ سل کی مرض کب سے شروع ہوئی۔ قرآن میں ہے:

قال فما خطبک یاسامری ٥ قال بصرت بمالم یبصروا بہ فقبضت قبضۃ من اثر الرسول فنبذتھا و کذلک سولت لی نفسی ٥ قال فاذھب فان لک فی الحیوۃ ان تقول لا مساس ص وان لک موعدا لن تخلفہ ج وانظر الی الھک الذی ظلت علیہ عاکفا ط لنحرقنہ ثم لننسفنہ فی الیم نسفا ٥ (پارہ ۱۶ سورۃ طٰہٰ آیت ۹۵ تا ۹۷)

ترجمہ: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا اب تیرا کیا حال ہے اے سامری۔ بولا میں نے وہ دیکھا جو لوگوں نے نہ دیکھا تو ایک مٹھی بھر لی فرشتے کے نشان سے پھر اسے ڈال دیا اور میرے جی کو یہی بھلا لگا کہا تو چلتا بن کہ دُنیا کی زندگی میں تیری سزا یہ ہے کہ تو کہے چھونہ جا اور بیشک تیرے لئے ایک وعدہ کا وقت ہے جو تجھے خلاف نہ ہوگا اور اپنے اس معبود کو دیکھ جس کے سامنے تو دن بھر آسن مارے پوجا کیلئے بیٹھا رہا قسم ہے ہم ضرور اسے جلائیں گے پھر ریزہ ریزہ کر کے دریا میں بہائیں گے۔ عاشورہ بروز جمعہ کے دن فرعون بحر قلزم میں لشکر کے ساتھ غرق ہو گیا۔ سامری نے اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام کے گھوڑے کے قدموں کے نیچے سے مٹی اٹھا لی جب موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر تورات لینے کیلئے گئے تو سامری نے سونے کا بچھڑا بنا کر اس میں یہ مٹی ڈال دی وہ بولنے لگا سامری نے اس بچھڑے کا نام بہوت رکھ دیا اور سب لوگ سامری سمیت اس کی پوجا پاٹ کرنے لگے جب موسیٰ علیہ السلام کوہ طور سے واپس آئے تو دیکھا لوگ اس بچھڑے کی عبادت کر رہے ہیں تو موسیٰ علیہ السلام نے سامری کو بددعا دی اس کے بعد سامری کو ٹی بی ہوگئی اس کی چھوت سے سامری کے گھر والے ٹی بی کی مرض میں مبتلا ہونے لگے۔ سامری کو جنگل میں چھوڑ دیا گیا اس طرح یہ بھوکا پیاسا اللہ کے عذاب سے ہلاک ہوگیا۔ اسرائیلی کتابوں میں سامری کا نام ہارون لکھا ہے یہ سامر کا رہنے والا تھا اس لئے اس کا نام سامری مشہور ہوا اب میں آپ کو عملیات اور نقوش سے ٹی بی کا مرض دور کرنے کے بارے میں چند معروضات پیش کرتا ہوں۔

(1) اگر کسی کو خدانخواستہ سل کا مرض ہوگیا ہو تو چند آدمیوں کو جو نیک وصالح اور نمازی ہوں ان کو ایک مجمع میں بٹھا کر ایک لاکھ پچیس ہزار یعنی سوا لاکھ درود شریف پڑھوا کر ایک کورے سکورے میں تازہ پاک وصاف پانی ڈال کر اس پانی پر دم کروائیں اور مریض کیلئے ان سے شفاء کی دعا منگوائیں اور یہ تعویذ چالیس لکھیں ایک تعویذ روزانہ اس درود شریف والے پانی میں حل کر کے مریض کو پلائیں اسی طرح چالیس ایام کریں انشاء اللہ جلدی شفا ہوگی۔ اسی طرح کرتے رہیں جب تک مریض صحت یاب نہ ہو۔

(2) اگر کسی مرد یا عورت یا بچہ یا بچی کو سل کا مرض ہوگیا ہو تو حفاظ کرام کو بلا کر ان سے قرآن مجید کا ختم شریف کرائیں اور ان سے مریض کی صحت یابی کیلئے دعا منگوائیں اور ان حفاظ کرام سے پاک وصاف پانی پر دم کروائیں اور یہ تعویذ لکھ کر اس پانی میں حل کریں اور یہ پانی نماز کے پانچ اوقات کے مطابق روزانہ استعمال کریں اسطرح چالیس یوم کریں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

تفسیر روح البیان نے پارہ ۷ سورۃ انعام زیر آیت وھذا کتاب انزلنہ مبارک میں ہے:

و عن حميدا لا عرج قال من قرء القرآن و ختمه ثم دعا امن على دعائه اربعة الاف ملك ثم لا يزالون يدعون له و يستغفرون و يصلون عليه الىٰ المساء او الى الصباح.

ترجمہ: حضرت اعرج سے مروی ہے کہ جو شخص قرآن شریف کا ختم کرے پھر دعا مانگے تو اس کی دعا پر چار چار ہزار فرشتے آمین کہتے ہیں پھر اس کے لئے دعاء کرتے رہتے ہیں اور مغفرت مانگتے رہتے ہیں صبح یا شام تک یہ نووی کی کتاب الاذکار کتاب تلاوت القرآن میں بھی ہے۔

(3) اگر کسی کو ٹی بی کا مرض ہو گیا ہو تو باوضو سورۃ یٰسین سات مبین کے ساتھ پڑھ کر ایک کورے سکورے میں پاک وصاف تازہ پانی ڈال کر اس پر دم کریں اگر زمزم مل جائے تو بہت بہتر ہے اور یہ تعویذ کالی سیاہی سے لکھ کر اس میں حل کریں مریض کو پانچ نمازوں کے اوقات میں پلائیں اس طرح چالیس ایام کریں اگر کچھ مرض باقی رہ گیا ہو تو پھر اسی طرح کریں انشاء اللہ جلدی آرام آ جائے گا۔

(4) شام کو کورے سکورے میں پانی بھر کر شبنم میں رکھ دیں صبح کو بعد تینوں قل تین تین دفعہ پڑھ کر دم کریں پھر اس پانی کے چھینٹے مریض کے منہ اور سینہ پر ماریں مریض اگر مستور ہو تو خاوند یا محرم چھینٹے مارے مریض اگر مرد ہے تو چھینٹے کے ساتھ اللهم اشف عبدك وصدق رسولك صلى الله تعالىٰ عليه وسلم کہے اور اگر مستور ہو تو عَبْدَکَ کے بجائے امتک کہے نوروز بلا ناغہ اسی طرح کریں اور چاہیں تو دو گھونٹ پانی بھی پلا دیں مگر پلانا ضروری نہیں اور یہ تعویذ باوضو لکھ کر مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے باندھ دیں انشاء اللہ جلدی شفاء ہوگی۔

٧	١٣	١٩	٢٥	١
٢٠	٢١	٢	٨	١٤
٣	٩	١٥	١٦	٢٢
١١	١٧	٢٣	٤	١٠
٢٤	٥	٦	١٢	١٨

بسم الله الرحمن الرحيم قلنا یانار کونی بردا و سلاما علی ابراهیم

یانا	رکونی	بردا	وسلاما	قلنا
وسلاما	قلنا	یانا	رکونی	بردا
رکونی	بردا	وسلاما	قلنا	یانا
قلنا	یانا	رکونی	بردا	وسلاما
بردا	وسلاما	قلنا	یانا	رکونی

یا مهیمن یا حی یا قیوم لا اله الا الله

وارادوا به كيدا فجعلناهم الاخسرين

تسخیر کا بے نظیر و مجرب نقش

☆.....از: محمد اشفاق۔ شارجہ (U.A.E)

یہ نقش 7 عدد ذیقعد کے مہینے میں شروع چاند میں پہلے اتوار کے روز صبح بعد طلوع آفتاب لکھے جائیں اور ہر روز ایک نقش روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر مٹی کے چراغ میں تل کا تیل اور چنبیلی کا تیل ملا کر ڈال کر روشن کریں اور بتی کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف رکھیں ہر روز نیا نقش بتی بنا کر روشن کرتے رہیں انشاء اللہ المولیٰ الکریم سات روز نہ گزرنے پائیں گے کہ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ فلاں بن فلاں کی جگہ محبوب کا نام معہ والدہ لکھیں۔ نقش یہ ہے:

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣		٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

الحب
فلاں بن فلانه
علیٰ حب فلاں بن فلاں
بحق یا بدوح

دلوں کو مسخر کرنے کا مجرب عمل

يَا عَطُوْفُ ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ط اَعْطِفْ عَلَىَّ قَلْبِ فلاں بِرَحْمَتِکَ يَا اَرْحَمَ الرَّحِمِيْنَo

ہر روز 313 بار وقت مقرر کر کے پڑھیں مطلوب کا تصور رکھیں اول آخر 11,11 بار درود شریف پڑھیں 11 یا 21 ورنہ 40 روز میں مطلوب حاضر ہوگا۔ جتنا تصور قوی ہوگا اتنا ہی جلد اثر ہوگا۔ فلاں کی جگہ محبوب کا نام لیں۔

تسخیر جن و پری

تسخیر جن و پری کیلئے یہ نقش مفید ہے چالیس روز میں ایک

ہزار سات نقش لکھیں۔ 25 عدد ہر روز آخری روز 32 نقش لکھیں تو 40 روز میں ایک ہزار سات کی تعداد مکمل ہو جائے گی۔ شروع چاند کی تاریخوں میں کسی بھی نوچندے دن سے ایک وقت مقررہ پر نقش لکھا کریں۔ پرہیز ترک حیوانات کریں۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کریں۔ نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا' نہر' ندی' جھیل وغیرہ میں ڈال دیا کریں۔ آپ اس نقش کے عامل ہو جائیں گے ہر روز کمرہ خوشبو گلاب سے معطر کر لیا کریں منہ کعبہ کی طرف کالی سیاہی سے لکھ سکتے ہیں کیونکہ اس دور میں ویسے عمل کر کے کسی جن یا پری کو قابو کرنا بہت مشکل ہوتا ہے اس لئے جیسے جیسے دور ترقی کر رہا ہے اس طرح اللہ کے بندوں کا دماغ بھی آسان ترین طریقے سے مخفی مخلوق کے ساتھ رابطہ کرنے کا طریقہ ڈھونڈ نکالتا ہے۔ جب آپ نقش کی زکوٰۃ ادا کر لیں تو ایک نقش عرق گلاب زعفران کی سیاہی سے لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں جب بھی آپ اس نقش کو 3 دفعہ درود ابراہیمی پڑھ کر اپنے سر پر رکھیں گے اُسی وقت مؤکل حاضر ہو جائیں گے۔ ان سے آپ کسی بھی جن یا پری کو اپنے قبضے میں کرنے کے لئے کہیں گے تو وہ جن کو حاضر کر کے آپ کے تابع کریں گے یا آپ دوسرے بچے کے سر پر نقش رکھیں۔ درود ابراہیمی پڑھ کر بچے پر پھونکیں تو حاضرات ہو جائے گی۔ اس حاضر مؤکل سے کہہ کر کسی مریض پر جن و پری کو پکڑ کر بوتل میں گھس جانے کا حکم دیں جب وہ بوتل میں گھس جائے تو اوپر سے بند کر دیں اور اس سے اپنے تابع ہونے کا اقرار کروائیں ورنہ اس کو جلا دیں۔ نقش سورۃ جن اس کے کل اعداد 60633 مثلث 20207 بلا کسر ہے۔

۷۸۶

۲۰۲۱۲	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۴
۲۰۲۱۳	۲۰۲۱۱	۲۰۲۰۹
۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

قران السعدین

☆......از سید علی مقدس: گوئند کے (ڈسکہ)

اس سعد وقت کی ابتداء یکم ستمبر 04.05 بجے خاتمہ 3 ستمبر صبح 04.58 منٹ پر ہوگا۔ قران زہرہ و مشتری کی روحانیت کا تعلق تسخیر اور حب کے عملیات سے متعلق ہے۔ دو شخصوں کے درمیان خواہ وہ کوئی ہوں دوستی اور محبت پیدا کی جا سکتی ہے۔ زہرہ اور مشتری ہر دو قران میں ہونگے۔ افسر ہو یا دوست' رشتہ دار ہو یا عزیز' عورت ہو یا بیوی اس کی تسخیر کی جا سکتی ہے۔ اگر وہ کہنے میں نہ ہوں یا روٹھ گئے ہوں یا کسی محبوب کو حاصل کرنا مقصود ہو تو اس وقت کو ہر مقصود کو حاصل کرنے کے ذرائع اور وسائل آپ کی مدد کریں گے۔

مذہب اور عقل ہر دونوں کا تسلیم شدہ نظریہ ہے کہ ہر کام کا ایک وقت مقرر ہے۔ اس کلیہ کے تحت عمل کرنے کا بھی ایک وقت ہے۔ عمل میں سیارگان کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ جس شخص کو علم سیارگان میں مہارت نہیں وہ عملیات میں مشکل سے کامیاب ہوتا ہے۔ قران زہرہ و مشتری عاملین کے نزدیک ایسا وقت ہے جو حب کے لئے تیر بہدف ہے۔ اگر آپ ضرورت مند ہیں تو یوں کریں کہ نام طالب مع والدہ کے اعداد ابجد شمسی سے حاصل کریں اور بطریق استنطاق ان کو جمع کریں اور اس کر حروف ابجد شمسی سے بنا کر جملہ "ئیل" اس پر زیادہ کر کے نام مؤکل بنائیں اور پھر نام مطلوب مع والدہ کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کر کے بطریق استنطاق جمع کر کے حروف ابجد قمری سے نام مؤکل تیار کریں۔ اب فتیلہ اس طرح تیار کریں کہ طالب مع والدہ کے حروف کو علیحدہ علیحدہ کر کے ایک سطر میں لکھیں پھر اس سطر کے نیچے مطلوب مع والدہ کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھیں اب ان دو سطروں کو امتزاج دے کر تیسری سطر تیار کریں۔

سطر اول: ع ل ی

سطر دوم: م ح م د

سطر امتزاج: ع م ل ح ی م د

علی کے اعداد ابجد شمسی سے ۱۵۹۰ ہوئے اور مطلوب محمد کے اعداد ابجد قمری سے ۱۲۱۴ ہوئے۔

علی کے اعداد کا استنطاق = ۰+۹+۵+۱=۱۵=ج ا= مؤکل جائیل ہوا

محمد کے اعداد کا استنطاق = ۴+۱+۲+۱=۸=د= مؤکل دئیل ہوا

اب تین سطروں والا جو فتیلہ ہے اس کی پہلی سطر کے شروع میں مطلوب کے مؤکل کا نام لکھنا ہے۔ اسے ایک فتیلہ قرار دیں گے ایسے سات فتیلے بنانے ہیں۔ مٹی کے چراغ میں تیل چنبیلی کا ڈال کر فتیلہ جلائیں۔ کاغذ کے فتیلہ پر صاف روئی لپیٹ لیں۔ چراغ کا رُخ مطلوب کے گھر کی طرف ہو۔ ادب سے بیٹھ کر اب یہ عزیمت ۵۷۵ مرتبہ ایسے پڑھیں کہ پہلے فلاں کی جگہ طالب کے مؤکل کا نام اور دوسرے فلاں کی جگہ مطلوب کے مؤکل کا نام لیں۔ عزیمت یہ ہے۔

یا ودود بحق اللہ الصمد سخر سخر سخر فلاں کی محبت میں فلاں کو بیقرار کر۔

دِل میں مطلوب کا تصور ہو اول و آخر پانچ پانچ بار درود پڑھنا ہے۔ دوسرے روز فتیلہ میں سطر کے شروع میں مطلوب کے مؤکل کا نام ایک اور بڑھا دیں یعنی کل دو مرتبہ مؤکل کا نام لکھیں اور عزیمت میں ایک کی تعداد کا اضافہ کر دیں یعنی ۵۷۶ مرتبہ اسی طرح روزانہ سطر کے شروع میں نام مؤکل کا اضافہ کرتے جائیں اور عزیمت کی تعداد میں ایک کا اضافہ کر کے پڑھیں جس دن مقصد پورا ہو جائے۔ عمل بند کر دیں پرہیز کچھ نہیں البتہ اس کو جائز کریں ایک جگہ ایک لباس ہونا روزانہ شرط ہے۔ یاد رہے کہ طالب کے اعداد ابجد شمسی سے لینے ہیں اور مطلوب کے اعداد ابجد قمری سے لینے ہیں اب عمل تیار کرنے کیلئے ابجد شمسی کا چارٹ اس رسالہ میں آپ کا ماہ کیسا رہیگا کے شروع میں ملاحظہ کریں اور ابجد شمسی کا چارٹ مندرجہ ذیل ہے۔

ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ک	ل	م	ن	و	ہ	ی
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

مقابلہ زہرہ و مریخ

اس نحس وقت کی ابتداء اس سال یکم اکتوبر 04.39 سے خاتمہ 3 اکتوبر 04.53 منٹ پر ہوگا۔ علم نجوم کے اُصول سے نظرات کو مابہ الامتیاز اثر حاصل ہے۔ یہ نظر کی تاثیر جداگانہ ہے۔ منجملہ مقابلہ کو دشمنی کامل کا مظہر کہا گیا ہے۔ کسی عورت اور مرد کے درمیان نفاق و نفرت کیلئے ہے اور یہی وہ اسرار ہیں جو کسی عمل کے مؤثر ہونے میں کامل مدد کرتے ہیں اور یہی وہ اُصول ہیں جن سے عام آگاہی نہیں حالانکہ عملیات ہرگز بے اثر نہیں ہوتے لیکن اثر کے قواعد جاننے والے بہت ہی کم ہیں۔ ذیل کا عمل دو شخصوں کی باہمی مفارقت میں زود اثر ہے بشرطیکہ ظالم کو ظلم کا بدلہ چکانے کیلئے شرح اجازت دے۔ جن دو شخصوں میں نفاق کی ضرورت ہو تو دونوں کا نام والدہ لکھیں اور درمیان لفظ مدل لکھیں اور اگر دشمن کی بربادی لازم ہے تو اس کا نام لکھ کر آگے اسم قہار کا اضافہ کرو۔ اب اس سطر کو بسط کرو اور اس سطر کو ''ب ج ی'' میں امتزاج دو۔ پھر اس امتزاجی سطر کو ایک مرتبہ مؤخر صدر کرو۔ اس صدر مؤخر والی سطر کو نظیرہ ابجدی دو۔ نظیرہ ابجدی کا مطلب ہے کہ حرف کا پندرھواں حرف نقشہ سے نکالو۔ مثلاً ''ا'' کا نظیرہ ''س'' اور ''ب'' کا ''ع'' ہے اب کل تین سطریں حاصل ہو گئیں۔ سطر سوم کے اعداد قمری حاصل کرو اور مثلث خاکی پر کرو اب مثال ملاحظہ ہو۔

فرض کیا زید کی بربادی منظور ہے زید کے ساتھ لفظ قہار کا اضافہ کیا اور ''ب ج ی'' میں ملا کر لکھا اور اس سطر کو ایک دفعہ صدر مؤخر کیا اور پھر ہر حرف کا پندرھواں حرف لے کر ایک سطر اور تیار کی اس کے اعداد نکالے اور مثلث آتشی چال سے پر کی۔ اب مثال کو سمجھیں

زید قہار: ی دق ھ ار اس کو ب ج ی میں امتزاج دیا۔

سطر اول : ز ب ی ج د ی ق ھ ا ر

صدر مؤخر : ر ز ا ب ھ ی ق ج ی د

نظیرہ ابجدی: ز ش س ع ق خ ہ ف خ ص

اب نظیرہ ابجدی والی سطر کے کل اعداد = ۱۹۱۱

مثلث کیلئے ۱۹۱۱ ـ ۱۲ = ۱۸۹۹ ÷ ۳ = ۶۳۳

مثلث آتشی یوں پر ہوئی۔

چال نقش

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقش

۶۳۸	۶۳۳	۶۴۰
۶۳۹	۶۳۷	۶۳۵
۶۳۴	۶۴۱	۶۳۶

نقش سرکہ نمک و نوشادر کو کالی سیاہی میں ملا کر پرانے کپڑے یا پرانے کاغذ پر لکھیں تین نقش پر کرنے ہیں۔ ایک آگ کے قریب دفن کریں دوسرا پرانی قبر میں دفن کریں تیسرا نقش مطلوب کی گزرگاہ یا دیوار میں دبائیں۔ عمل ننگے سر تیار کریں۔ گھر آ کر کچھ نیاز بنام اللہ دلائیں اور کہیں کہ یا قہار میری فلاں حاجت پوری کرو اور نقش کے نیچے بھی مطلوبہ مقصد لکھے مثلاً فلاں برباد ہو بحق یا قہار اور اگر مفارقت کیلئے لکھیں تو یہ لکھیں کہ فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں کے درمیان عداوت ہو بحق یا مذل تین یوم میں مقصد ہاتھ آئیگا صرف اسی نظر کے تحت ایک ہی مرتبہ کرنا ہے۔ تم دیکھو گے کہ تمہارے عمل کی کامیابی نے تمہیں کتنا خوش کر دیا اب نظیرہ ابدی کی جدول ملاحظہ ہو۔ جدول پر غور کریں کہ ''ا'' کا نظیرہ ''س'' اور غ کا ''ن'' ہے اسی طرح باقی سمجھ لو۔

اساس	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	نظیرہ
نظیرہ	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	ع	اساس

مجاہد افریقہ سید عبداللہ شاہ صاحبؒ

کے ملفوظات کا گرانمایہ تحفہ

☆......از مرسلہ: الحاج حکیم یوسف عزیز

حضرت سید عبداللہ شاہ صاحب علیہ الرحمہ نے فرمایا:

بندے کو ان چار چیزوں کے سوا چارہ نہیں ہے۔

علم ۔ عمل ۔ اخلاص ۔ خوف ۔

کیونکہ راہ کے جاننے کیلئے علم کا ہونا ضروری ہے۔ اس کے بغیر بندہ مثل اندھے کے ہوگا۔ پھر عمل کرنا اس پر نہیں تو نادم و پشیمان ہی رہے گا جیسے کوئی درخت بغیر پھل کے رہے۔ پھر یہ تینوں حاصل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے ڈرنا اور خوفناک رہنا تاکہ وہ ہمیشہ اپنی پناہ اور امن میں رکھے ورنہ کسی امر پر مستقل قائم نہ رہ سکے گا۔

فرمایا: تعجب آتا ہے ان چار آدمیوں پر!

اول: وہ جو نہ تو علم رکھتا ہے اور نہ ہی کسی عالم کی مجلس سے فیض حاصل کرتا ہے مگر باوجود ان دونوں خامیوں کے عمل کا دعویدار ہے۔ اس کیلئے لغزش کا خطرہ ہر وقت موجود ہے۔

دوم: وہ جو علم جانتا ہے مگر اس کا اظہار وہ ہر وقت دکھاوے کے لئے کرتا ہے خود عمل سے کورا ہے۔ علماء و صلحا کی مجلس میں جاتا ہے مگر ان کی خامیوں کو ڈھونڈنے کیلئے۔ اس لئے وہ کبھی کسی امر میں بھی ترقی کی منزل سے دوچار نہیں ہوسکتا۔

سوم: وہ عالم جس میں دونوں صفتیں موجود ہوں مگر اخلاص کا فقدان ہو اُس کا عمل ہمیشہ بے ثمر رہے گا۔

چہارم: وہ مخلص جو خائف نہ ہو اُس کا نڈر رہنا ایک نہ ایک دن اسے ابتلا میں مبتلا کر دے گا۔

حضرت شاہ صاحبؒ کے ملفوظات کا ایک گرانمایہ تحفہ ہے، مجھے اُمید ہے یہ اُن حضرت کیلئے نہایت مفید ثابت ہوگا جن کو عملیات سے خاص دلچسپی ہے۔ جو احباب ان سے مستفید ہوں اُن سے صرف اتنی تمنا رکھتا ہوں کہ وہ حضرات شاہ صاحبؒ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اور احقر کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللّٰہ

اسم اللہ جلالی ہے۔ عدد اس کے 66 ہیں۔ یہ اسم ذات جامع صفات ہے اور قرآن پاک میں دو ہزار تین سو ساٹھ جگہ آیا ہے اور باقی جمیع اسماء صفات الٰہی سے متعلق ہے۔ بعض کے نزدیک اللہ اسم اعظم ہے کیونکہ یہ اسم ذات ہے اور بے نقطہ ہے جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات سب عیوب سے منزہ ہے۔ اسی طرح اسم ذات بھی نقطہ سے مبرا ہے اور اس اسم ذات جامع صفات کا ایک ایک حرف اگر الگ کر دیا جائے تو بھی اپنے معنی میں باقی رہتا ہے جیسے اگر پہلا الف اس سے الگ کرلیا جائے تو للہ رہ جاتا ہے جو اپنے ہی معنی میں باقی ہے جیسے لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡض اگر لام اول بھی جدا کرلیا جائے تو بھی اصلی معنی باقی رہتے ہیں جیسے لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ اگر دونوں لام جدا کر دیئے جائیں اور آخر کی ہ کو واؤ کے ساتھ ملا دیں تب بھی اصلی معنی باقی رہتے ہیں جیسے هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ خواص اس اسم ذات کے پڑھنے کے بے شمار خواص ہیں لیکن یہاں صرف چند خواص کا ذکر کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ہر اسم کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔

(۱) حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی خلوت میں تین ہزار بار یا اللہ کہے اللہ تعالیٰ اس کے دِل کو مخزن اسرار کر دیتا ہے۔ اسی لئے تمام اولیائے کرام اپنے مریدوں کو اسم ذات کی مشق کراتے ہیں۔ حقیقت میں یہ مظہر العجائب کا خزانہ ہے۔

(۲) ایک ہزار بار روزانہ کسی وقتِ مقررہ پر پڑھنے سے صاحب یقین ہو۔ طبیعت میں یکسوئی پیدا ہو کر فکر سے نجات ملے۔ قلب کدورت سے صاف ہو کر مطمئن ہو جاتا ہے۔

(۳) ہر نماز کے بعد یکصد بار پڑھنے سے صاحب کشف اور صاحب باطن ہو۔

(۴) دفع امراض کے لئے باوضو ہو کر قبلہ رُخ تصور مریض کا رکھ کر ہر روز ایک ہزار بار پڑھا کرے کبھی ناغہ نہ ہو۔

(۵) اگر سوا لاکھ مرتبہ مسلسل پورا کرایا جائے پھر ہر مرض کے لئے ۶۶ مرتبہ روزانہ لکھ کر پلایا جائے ۲۱ دن یا ۴۱ دن۔

(۶) اگر کسی رکابی میں بلا تعداد بقدر وسعت ظرف لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی مصروح یا آسیب زدہ پر چھڑکے تو صحت ہوگی۔

(۷) اگر کسی سخت مہم کے لئے سوا لاکھ یا چالیس دِن میں لکھے یا لکھوائے اور گولیاں بنا کر روزانہ دریا میں ڈالیں تو مہم سر ہو جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۸) جب اس اسم کا ذاکر کثرت سے اس اسم کو پڑھے کہ اس پر غلبہ حال پیدا ہو جائے تو وہ اپنے اندر بڑی بڑی خوبیاں دیکھے گا۔ یہ اسم

مخلوق کی نظروں میں بڑا دکھانے والا ہے۔ اس کے پڑھنے کا مناسب وقت بعداز نماز تہجد یا قبل از نماز فجر خضوع وخشوع کے ساتھ تنہائی ہے۔ اگر اجازت پیرومرشد کے ساتھ پڑھا جائے تو اس کے اثرات بہت جلد ظہور پذیر ہوتے ہیں۔

ہر کام کے درست ہونے کیلئے: ہر کام کے درست ہونے کے لئے اور ہر مرض کے دفع ہونے اور ایمان کے قوی ہونے کے لئے بعداز نماز مغرب (91) مرتبہ پوری سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ پڑھنا چاہئے اور مقام "نستعین" پر دل میں مطلب کا خیال رکھنا چاہئے۔

برائے بخار و دفع آفات: بخار کے لئے یہ شعر لکھ کر گلے میں ڈال دیں بفضل تعالیٰ بخار اُتر جائے گا۔ اگر اسے لکھ کر دروازہ پر لگا دیا جائے تو اللہ کے فضل وکرم سے جمع آفات اور وبا سے گھر محفوظ رہے۔

لی خمسة اطفی بها حرا الوباء الحاطمه
المصطفٰی والمرتضٰی و ابناهما والفاطمه

بھولے بھٹکے مسافر کا راستہ پانا: اگر کوئی راستہ بھول جائے اور پانی قریب ہو تو وضو کرلے ورنہ تیمم کرے فجر کی اذان کہے اور پھر سورۃ یٰسین پڑھے' اللہ کے فضل سے راستہ مل جائے۔ دیگر بھولنے والا اگر یا حادی کا ذکر بکثرت کرے تو بھی بفضلِ تعالیٰ راستہ مل جائے۔

جسے ہمیشہ سانپ کاٹتا ہو: یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں بفضلِ تعالیٰ سانپ نہ کاٹے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط س ل م ق و لا من رب ر ح ی م

برائے امن' ہر آفت و دشمن آگ' چور و درندوں سے: اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِی اَللّٰہُ نَاظِرِی اَللّٰہ مَعِیْ صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھا کریں بشرطیکہ اکیلا ہو۔ اگر جماعت ہو تو یوں پڑھے۔

اَللّٰہُ حافظنا . اَللّٰہُ نَاصِرُنَا . اَللّٰہُ نَاظِرُنَا . اَللّٰہُ مَعَنَا

برائے یرقان: زرد کاغذ پر یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ بفضل تعالیٰ یرقان جاتا رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

بِحَقِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

بحق محمد رسول اللہ

دفع شود. دفع شود. دفع شود

تسخیر دیواکر مکھی

☆......از: محی الدین عارف۔ جھنگ

پرہیز: جمالی (انڈہ۔لسی۔کچا لہسن پیاز اور جماع وغیرہ)

دن: عمل کا دن ایک ہے۔

طریقہ: عشاء کے بعد پرسکون جگہ پر بیٹھ کر حصار کر کے عمل ہذا کی عبارت کو ۱۰۰۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ ۱۰۰۰۰ تعداد مکمل ہونے پر آپ کے سامنے ایک عورت آئے گی جس کی شکل مانند چاند ہوگی۔ یہ دیواکر مکھی ہے۔ آپ اس سے معقول معاہدہ کرلیں اور اس کے بعد اس سے کہیں مجھے جب تمہاری ضرورت ہوگی میں تمہیں بلاؤں گا اور اس سے نشانی لے لیں۔

منتر: اوم دیواکر مکھی سواھا.

عمل برائے حب

از: سید احتشام شاہ۔ گرجاکھ (گوجرانوالہ)

یہ تعویذ بہت تاثیر والا ہے جس کی مثال نہیں ملتی۔ سنگدل سے سنگدل محبوب ہو ضرور مل جائے گا۔ حب کیلئے یہ تعویذ لکھ کر انار کے درخت کے ساتھ لٹکا یا جائے جس وقت یہ تعویذ ہوا سے ہلے گا تو مطلوب محبت میں بے قرار ہو جائیگا اور فوراً حاضر ہو جائیگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

قل	هو	الله	احد
الله	الصمد	لم	یلد
ولم	یو	لد	ولم
یکن	له	کفوا	احد

دیگر تعویذ برائے حب

اگر کسی عورت کا خاوند اس سے نفرت کرنے لگے تو اس تعویذ کو لکھ کر شربت میں گھول کر پلائے تو خاوند اپنی عورت سے محبت کرنے لگے گا۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

۵	۱۸	۱۵	۱۲
۱۶	۱۱	۶	۱۷
۱۰	۱۳	۲۰	۷
۱۹	۸	۹	۱۴

(بقیہ صفحہ نمبر 29 پر ملاحظہ کریں)



بونس قسط

سبق نمبر 26

ابجد نجوم

استخراج دوازدہ بیوت اور قوت

منجم زنجانی برادرز سے علم نجوم سیکھیں

مثلاً کسی کی پیدائش ۲ بجے بعد دوپہر ہوئی یعنی طلوع آفتاب سے وقت پیدائش تک فاصلہ ۸ گھنٹے ۶ منٹ ہے۔ طلوع آفتاب ۵ بجکر ۵۴ منٹ ۴۰ سیکنڈ اور غروب آفتاب ۵ بجکر ۴۰ منٹ ۱۶ سیکنڈ = مقدار دن ۱۱ گھنٹے ۴۵ منٹ ۳۶ سیکنڈ۔ نصف النہار ۵ گھنٹے ۵۲ منٹ ۴۸ سیکنڈ

وقت پیدائش کا فرق طلوع آفتاب سے	8-05-20
نصف النہار	5-52-48
	2-12-32

شمس برج میزان کے 20 درجہ 24 دقیقہ پر سیانا طریقہ کا عمل: شمس برج میزان ۲۰ درجہ ۲۴ دقیقہ = اس کے کل ثانیے ۷۳۴۴۰ × مقدار برج میزان = کل سیکنڈ ۶۶۹۶ برابر ہے ثانیہ ۴۹۱۷۵۴۲۴۰ ÷ ۳۰ = ۱۶۳۹۱۸۰۸ ثانیے۔ اس کے گھنٹے منٹ بنائے تو ایک گھنٹہ ۱۵ منٹ ۵۳ سیکنڈ حاصل ہوئے۔ نصف النہار اور وقت مطلوبہ فرق ۲ گھنٹے ۱۲ منٹ ۳۲ سیکنڈ نفی ایک گھنٹہ ۱۵ منٹ ۵۳ سیکنڈ حاصل تفریق ۵۶ منٹ ۳۹ سیکنڈ

۰_۵۶_۳۹
۳۰ × ....
۱_۵۱_۳۶

یعنی ۵۶ منٹ ۳۹ سیکنڈ کو سیکنڈ میں تبدیل کیا تو ۳۳۹۹ ہوئے ان کو ۳۰ سے ضرب دیا تو ۱۰۱۹۷۰ سیکنڈ ہوئے۔ اب ایک گھنٹہ ۵۱ منٹ اور ۳۶ سیکنڈ کے سیکنڈ بنائے تو ۶۶۹۶ سیکنڈ حاصل ہوئے ان کو یہ کیا کہ:

$\frac{۱۰۱۹۷۰}{۶۶۹۶}$ تو ۱۵ درجے ۱۳ دقیقہ اور ۴ ثانیہ حاصل ہوئے۔

فاصلہ شمس اور عاشر برج میزان	20-24-00
نصف النہار اور وقت مطلوبہ کے فرق	15-13-04
کا درجات برج سنبلہ = فاصلہ خانہ عاشر سیانا شمس	35-37-04
خانہ عاشر بحساب سیانا	200-24-00
	236-01-04
تفریق عین انشاء ۱۱۸	21-15-57
نریانا حساب سے خانہ عاشر	30÷214-45-7


= برج عقرب ۴ درجہ ۴۵ دقیقہ ۷ ثانیہ یعنی ہمارے وقت مطلوبہ پر دسویں گھر پر برج عقرب کے مندرجہ بالا درجے، دقیقے اور ثانیہ طلوع ہو رہے تھے۔ ایک مثالی زائچہ سے گھروں کے درجات اور جرم خانہ معلوم کرنیکا طریقہ حسب ذیل ہے۔

جرم خانہ یعنی پچھلے گھر کی انتہا اور اگلے گھر کی ابتداء کو کہا جاتا ہے۔ جسے ہندی میں بھاوا سندھی کہتے ہیں، دوسرے لفظوں میں دو لگاتار یکے بعد دیگرے گھروں کے نقطہ اتصال کو جرم خانہ کہا جاتا ہے۔ کسی گھر کی مکمل قوت اس گھر کے درمیانی مرکزی نقطہ میں ہوتی ہے۔ پس یہ قوت کسی مقام (نقطہ) سے شروع ہو کر کسی مقام (نقطہ) پر ختم ہوتی ہے۔ پس کسی سیارہ کی قوت مرکزی نقطہ کی طرف آنے سے بتدریج بڑھتی ہے اور اسی طرح جرم خانہ تک پہنچتے پہنچتے ختم ہو جاتی ہے۔ وہ نقطہ اتصال یا مقام جہاں سے کوئی گھر طلوع ہوتا ہے یعنی نقطہ ابتداء کو ہندی میں اربھا سندھی کہتے ہیں اور جہاں اس گھر کا اختتام ہو یعنی نقطہ انتہا کو ہندی میں وربھا سندھی کہا جاتا ہے۔ مثلاً پہلے گھر کا نقطہ ابتداء بارہویں گھر کا نقطہ انتہا ہوگا اسی طرح پہلے گھر کا نقطہ انتہا دوسرے گھر کا نقطہ ابتداء ہوگا۔

جرم معلوم کرنیکا طریقہ: دو لگاتار گھروں کے درجات جمع کر کے ۲ سے تقسیم کر لو، نتیجہ جرم خانہ ہوگا۔ مثلاً مثالی زائچہ اگلے صفحے پر ملاحظہ کریں۔

پہلے گھر کے درجات	294-56-40
دوسرے گھر کے درجات	328-16-20

```
2 ) 623-13-0 ( 311-36-30
    622
    ---
      1
     60
     60
     13
2 )  73 ( 36
      6
     ---
     13
     12
     ---
      1
     60
2 )  60 ( 30
     60
     ---
      X
```



یعنی خانہ دوم کا جرم برج دلو کا **11** درجہ **36** دقیقہ **30** ثانیہ ہے۔ دوسرے لفظوں میں برج دلو کا **11-36-30** پہلے اور دوسرے گھر کا نقطہ اتصال ہے یا پہلے گھر کا نقطہ غروب اور دوسرے کا نقطہ طلوع

اس طرح جب چھ گھروں کے نقطہ اتصال معلوم کر لئے جائیں تو باقی چھ گھروں کے نقطہ اتصال معلوم کرنے کے لئے' پہلوں میں ۱۸۰ درجات جمع کر دیئے جائیں تو ان باقی چھ گروں کے نقطہ اتصال نکل آئیں گے۔

کسی گھر کے درجات سے اس گھر کے جرم کے درجات کم دیئے جائیں تو اس گھر کا ابتدائی نصف حصہ معلوم ہو جاتا ہے جسے ہندی میں پوربا بھاگ کہتے ہیں۔ اسی طرح اگلے گھر کے جرم کے درجات سے پچھلے گھر کے درجات کم دیئے جائیں تو اس گھر کا انتہائی نصف حصہ نکل آتا ہے جسے ہندی میں امر بھاگ کہتے ہیں اور جب ان دونوں کو جمع کر لیا جائے تو اس گھر کی پوری لمبائی معلوم ہو جاتی ہے۔

گھر کا حصہ اول یا پوربا بھاگ: درجات نقطہ اوس۔ درجات نقطہ ابتداء = حصہ اول

گھر کا حصہ دوم یا اترو بھاگ: درجات نقطہ انتہاء۔ درجات نقطہ اوسط = حصہ دوم

مثالی زائچہ کے بارہ گھروں کے ابتداء و انتہاء کی پوری وضاحت ایک جدول کے ذریعہ کرتے ہیں تاکہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے۔

	گھر کا انتہاء (وربھاسندھی)	نقطہ اوسط (مدھیاسندھی)	گھر کی ابتداء (ارنبھاسندھ)
خانہ اول:	11-36-40	24-56-40	11-36-40
خانہ دوم:	14-55-40	28-16-20	11-36-40
خانہ سوم:	18-15-20	01-35-40	14-55-40
خانہ چہارم:	18-15-20	04-54-40	18-15-20
خانہ پنجم:	14-55-40	01-35-40	18-15-20
خانہ ششم:	11-36-30	28-16-20	14-55-40
خانہ ہفتم:	11-36-40	24-56-40	11-36-40
خانہ ہشتم:	14-55-40	28-16-20	11-36-40
خانہ نہم:	18-15-20	01-35-40	14-55-40
خانہ دہم:	18-15-20	04-54-40	18-15-20
خانہ یازدہم:	14-55-40	01-35-40	18-15-20
خانہ دوازدہم:	11-36-30	28-16-20	14-55-40

نقطہ اوسط: سیارہ کے اثرات گھر کے ابتدائی درجات سے شروع ہوتے ہیں اور نقطہ اوسط کے درجات تک پہنچتے پہنچتے اس کی قوت رفتہ رفتہ بڑھتی جاتی ہے اور نقطہ اوسط کے درجات پر سیارہ مکمل طور پر قوی ہو جاتا ہے۔ پھر گھر کے آخری درجات تک پہنچتے پہنچتے اس کی قوت رفتہ

(بقیہ صفحہ نمبر 52 پر ملاحظہ کریں)